کنٹریکٹرز/سب کنٹریکٹرز کیلئے راہنما اُصول

صنفی بنیاد پر تشدد/استحصال/ہراسانی

تعارف

اس دستاویز کا مقصد ورلڈ بینک کی سرمایہ کاری سے چلنے والے پنجاب اربن لینڈ سسٹمز انہانسمنٹ پراجیکٹ (پلس) میں شامل کنٹریکٹرز/سب کنٹریکٹرز کیلئے واضح ہدایات وتوقعات وضع کرنا ہے۔ یہ اُصول خصوصی طور پر صنفی بنیاد پر تشدد، جنسی استحصال اور ہراسانی جیسے مسائل کا احاطہ کرتے ہیں۔ اس پراجیکٹ سے منسلک ہر فرد کیلئے ضروری ہوگا کہ وہ پیشہ ورانہ معیار کو برقرار رکھتے ہوئے دوسروں کی عزت وتکریم کو یقینی بنائے۔

تعریف/ وضاحت

الف) صنفی بنیاد پر تشدد:

کوئی بھی ایسا فعل جس کے نتیجہ میں کسی کو جسمانی، جنسی یا نفسیاتی دباؤ محسوس ہو یا پھر کوئی ایسا عمل جو کسی فرد پر منفی اثرات مرتب کرنے کا باعث بنے۔

ب) جنسی استحصال و زیادتی:

اِس کا مطلب جنسی مقاصد کے حصول کیلئے کسی کی کمزوری سے فائدہ اُٹھانا، اپنے اختیارات کا ناجائز استعمال یا پھر کسی کے بھروسے کو پامال کرنا ہے۔ اس نوعیت کے بہیمانہ مقاصد کے حصول کیلئے تعلقات قائم کرنا، تحفے تحائف کا تبادلہ یا پھر نابالغوں کو ورغلانے جیسے قدم اُٹھانا شامل ہے۔

ج) جنسی ہراسانی:

اِس سے مراد کام کی جگہ پر ایسی ذو معنی گفتگو، اشارے، اقدام یا طرزِ عمل ہے جو کسی کیلئے کام کرنا مشکل بنادے۔

ذمہ داریاں

کنٹریکٹرز اور سب کنٹریکٹرز سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ درج ذیل ذمہ داریوں کو بخوبی نبھائیں گے:

i. اس امر کو یقینی بنایا جائے کہ نسل، رنگ، جنس، مذہب، سیاسی آراء یا معذوری وغیرہ کی بنیاد پر روزگار کے مواقع اور مشاہرہ کے حوالے سے کوئی امتیازی سلوک روانہ رکھا جائے۔ توقع کی جاتی ہے کہ کنٹریکٹرز اور اُن کا سٹاف/سروئیرز وضع کئے گئے اُصول وضوابط کی پاسداری کو یقینی بناتے ہوئے نہ صنفی بنیاد اور نہ ہی کسی اور قسم کے امتیازی سلوک کے مرتکب ہوں۔

ii. مقامی کمیونٹی میں سے بالخصوص خواتین، اقلیتی خواتین اور دیگر کمزور اور پسماندہ برادریوں (مخنث، معذور، مذہبی ونسلی اقلیتیں وغیرہ) کی شمولیت کو کسی بھی قسم کے امتیازی سلوک یا رویے کے بغیر یقینی بنائیں۔

iii. سٹاف/سروئیر، خواتین اور معاشرہ کے کسی بھی کمزور طبقے کے ساتھ کسی بھی قسم کی جنسی ہراسانی یا استحصال جیسے افعال میں ہرگز ملوث نہ ہوں۔ (جنسی ہراسانی میں ناپسندیدہ جنسی پیش رفت کا مرتکب ہونا، جنسی خواہشات کی درخواست کرنا، جنسی تعلق استوار کرنے پر کسی بھی قسم کے فائدے یا مفادات کی پیش کش اور دیگر جنسی نوعیت کا منہ زبانی یا جسمانی طرزِ عمل شامل ہے)۔

iv. مقامی افراد سے رابطے کے دوران وہاں کی ثقافت اور روایات کے احترام کو ملحوظِ خاطر رکھا جائے۔ سروے کا طریقۂ کار اور زبان کا استعمال مقامی حالات سے مطابقت رکھتا ہو۔

v. فیلڈ پر مبنی اسائنمنٹ جیسا کہ خواتین، مخنث اور دیگر کمزور و پسماندہ برادریوں سے سروے کے دوران اُنہیں کسی بھی ایسی سرگرمی میں حصہ لینے پر مجبور نہ کریں جو بعد ازاں اُن کیلئے صنفی بنیاد پر تشدد کے خطرات کا باعث بنے۔

vi. خواتین، بچے، مخنث، مذہبی اور نسلی اقلیتوں کے ساتھ ایسی زبان کے استعمال یا رویے کی کوئی گنجائش نہیں جو غیر موزوں، ہراسانی، بدزبانی، جنسی اشتعال انگیزی، ذو معنی یا تہذیب کے لحاظ سے غیر مناسب تصور کی جاتی ہو۔

vii. مقامی قابل اطلاق قوانین اور عالمی بینک کے راہنما خطوط کی پیروی یقینی بنائی جائے تاکہ فیلڈ سرگرمیوں کے دوران افرادی قوت یا معاشرہ کے کسی رُکن کی جانب سے صنفی بنیاد پر ہونے والے تشدد، بدسلوکی یا ہراسانی کی روک تھام کو یقینی بنایا جا سکے۔

viii. اس امر کو یقینی بنایا جائے کہ صنفی بنیاد پر تشدد، جنسی استحصال اور ہراسانی کی شکایات فوری طور پر مناسب فورم اور پراجیکٹ مینجمنٹ کو پہنچائی جائیں۔

کنٹریکٹرز/سب کنٹریکٹرز کیلئے

راہنما اُصول

صنفی بنیاد پر تشدد/استحصال/ہراسانی

پنجاب اربن لینڈ سسٹمز
انہانسمنٹ پراجیکٹ

ix پلس (PULSE) کی جانب سے صنفی بنیادوں پر تشدد، جنسی استحصال اور ہراسانی پر منعقد کروائی جانے والی ٹریننگ میں تمام متعلقہ اہلکاروں کی شمولیت کو یقینی بنائیں۔

x ملازمین کیلئے ضابطہ اخلاق تیار کریں اور اس پر عمل درآمد یقینی بنائیں۔

xi صنفی بنیاد پر تشدد د، جنسی استحصال اور بدسلوکی یا جنسی ہراسانی کی شکایات کے ازالہ کے نظام کو فعال کریں۔

رپورٹنگ کا طریقۂ کار

i کنٹریکٹر شکایات کے اندراج اور ازالے کا ایسا مربوط نظام وضع کرے گا جس تک تمام عملے کو رسائی حاصل ہوگی۔

ii استحصال/ہراسانی کی شکایات درج کرانے کے طریقۂ کار سے واقف ہو۔

iii کنٹریکٹر شکایات درج کرانے والے افراد کی رازداری کو ہر ممکن حد تک برقرار رکھتے ہوئے تحقیقات کو یقینی بنائے۔

iv کسی بھی قسم کے غیر مناسب واقعہ کی خبر فوری طور پر پراجیکٹ مینجمنٹ کو دی جائے۔

انتقامی کارروائی کی ممانعت

ٹھیکیدار/ذیلی ٹھیکیدار حضرات سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ ایسے افراد کا مکمل ساتھ دیں اور ان کی حفاظت یقینی بنائیں جو خدشات یا واقعات کی اطلاع دیتے ہیں۔ اور ان کے خلاف کسی بھی قسم کی انتقامی کارروائی کے امکانات روکنے کیلئے تمام ضروری اقدامات اُٹھائیں۔

تفتیش اور تادیبی اقدامات

i ٹھیکیدار صنفی بنیاد پر تشدد، جنسی استحصال اور ہراسانی کی تمام شکایات کی فوری تحقیقات کرے گا اور تمام تر کارروائی سے پروجیکٹ مینجمنٹ کو مکمل طور پر اپ ڈیٹ رکھے گا۔

ii اگر الزامات دُرست ثابت ہوتے ہیں تو مناسب تادیبی اقدامات اُٹھائے جائیں جن میں خدمات/ملازمت سے برطرفی، قانونی کارروائی اور متعلقہ حکام کو رپورٹ شامل ہے۔

iii ٹھیکیداروں سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ پروجیکٹ یا ورلڈ بینک کی جانب سے کی جانے والی کسی بھی قسم کی تحقیقات میں مکمل تعاون کا مظاہرہ کریں گے۔

شکایات کی صورت میں رابطہ کریں
ہیلپ لائن نمبر: 042-37882072 | ای میل: complaint@pulse.gop.pk
PULSE پراجیکٹ 158 - اے، ابوبکر بلاک، نیو گارڈن ٹاؤن لاہور